حضرت حسن بصریؒ کی طرف منسوب
ستّر استغفار
پر مشتمل سات منزلیں
ہر مسلمان کو چاہئے کہ روزانہ ان ستر استغفار میں سے ایک منزل یعنی دس استغفار ضرور پڑھ لیا کرے اور ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ لیا کرے، خصوصاً منیٰ کی راتوں میں اور روزانہ تہجد کے وقت استغفار کا معمول بنانا چاہئے۔
ترتیب وترجمہ
مفتی سعد عبدالرزاق
فاضل جامعۃ فاروقیۃ
متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
المیزاب پبلشرز

حضرت حسن بصریؒ کی طرف منسوب

ستّر استغفار

پر مشتمل سات منزلیں

ہر مسلمان کو چاہیے کہ روزانہ ان ستر استغفار میں سے ایک منزل یعنی دس استغفار ضرور پڑھ لیا کرے اور ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگ لیا کرے، خصوصاً منیٰ کی راتوں میں اور روزانہ تہجد کے وقت استغفار کا معمول بنانا چاہیے۔

فاضل جامعہ فاروقیہ
متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

کتاب کا نام

ستّر استغفار

تاریخ اشاعت ——— ۲۰۲۴ء

صفحات ——— ۸۰

با اہتمام ——— مفتی سعد عبد الرزاق

ناشر

عرض مرتب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

استغفار کے معنی ہیں حق تعالیٰ شانہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنا، بندہ گناہ گار ہے اور اللہ تعالیٰ سارے گناہوں کے معاف فرمانے والے ہیں اور اپنے بندے سے بہت زیادہ محبت کرنے والے ہیں، جب بندہ اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی بے بسی اور عجز کا اظہار کرتا ہے اور خود کو سراپا محتاج سمجھ کر رب ذوالجلال کی عظمت وکبریائی اور اس کی حمد وثناء کرتے ہوئے سائلانہ، فقیرانہ، والہانہ، بے قراری، تضرع اور الحاح وزاری کے ساتھ اپنے رب کے سامنے معافی کا طلب گار بنتا ہے، اس یقین کے ساتھ کہ اس کا رب اس کی پکار کو سن رہا ہے اور اس کو معاف کرنے پر قادر ہے تو رب ذوالجلال کی رحمتیں اس کی طرف متوجہ ہوجاتی ہیں، دریائے رحمت جوش مارتا ہے اور رحمتیں اور برکتیں اس بندہ کو اپنے گھیرے میں لے لیتی ہیں اور اس کو گناہوں سے ایسا پاک وصاف کردیتی ہیں کہ گویا کبھی گناہ کیا ہی نہیں اور بندہ گویا گناہوں سے ایسا پاک ہوجاتا ہے جیسے ابھی ماں کے پیٹ سے نکلا ہو۔

کچھ عرصہ سے بندہ اپنی ترتیب کردہ کتاب منتخب مسائل معلم الحجاج کی تصحیح وتخریج میں مشغول تھا، اس دوران بار بار ارشاد الساری علی مناسک ملاعلی قاری کی طرف رجوع کرنے کا موقع ملا، مذکورہ کتاب کے اخیر میں علامہ قطب الدین حنفی رحمۃ اللہ علیہ کا ترتیب کردہ رسالہ ادعیۃ الحج والعمرۃ دیکھ کر دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ اردو زبان میں حج و عمرہ کی دعاؤں کے ذخیرہ کو مرتب کیا جائے، الحمدللہ! اللہ جل شانہ کی توفیق سے یہ مبارک کام

تکمیل کو پہنچا، اور حج وعمرہ کی پرنور دعاؤں کے نام سے شائع ہوا، علامہ قطب الدین حنفی رحمۃ اللہ علیہ کے مذکورہ رسالہ میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ستر استغفار بیان کئے گئے ہیں اور خصوصا منٰی میں قیام کی راتوں میں اور روزانہ تہجد کے وقت میں انہیں پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے، مناسب معلوم ہوا کہ ان ستر استغفار کو الگ سے ترتیب دے کر اس کی اشاعت کی جائے۔

بہتر تو یہی ہے کہ روزانہ ان ستر استغفار کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے گناہوں سے معافی مانگی جائے، ورنہ کم از کم ایک منزل کو (جو دس استغفار پر مشتمل ہے) اپنے معمولات کا حصہ بنایا جائے، اللہ تعالیٰ مجھے بھی اور سب قارئین کو بھی اس کی توفیق نصیب فرمائے، آمین۔

آپ سب سے گزارش ہے کہ اپنی دعاؤں میں سعد عبدالرزاق کو میرے گھر والوں، میرے والدین، میرے بھائی حافظ بلال صاحب کو، میرے اساتذۂ کرام خصوصا مولانا امداداللہ صاحب اور مولانا عمران داؤد صاحب اور میرے عزیز دوست بھائی نبیل صاحب کو یاد رکھیں۔ کچھ لوگ جن کے مجھ پر بہت احسان ہیں اور اب وہ اس دنیا میں نہیں ہیں اور ان کا مجھ پر حق ہے خصوصاً میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ، میرے شیخ محترم واصف بھائی رحمۃ اللہ علیہ اور میرے شہید استاد جی مولانا عطاء الرحمن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں یہ آپ حضرات کا مجھ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

مفتی سعد عبدالرزاق

+92 321 2022205

فہرست

آئیں توبہ کریں

یہ حقیقت ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام کے سوا کوئی فرد بشر معصوم نہیں، ہر انسان سے خطاء، لغزش اور غلطی کا صدور ہوسکتا ہے، لیکن حدیث شریف کے مطابق بہترین خطاء کار وہ ہے جو اپنے کئے پر نادم وشرمسار ہو، جسے اس حقیقت کا احساس ہوجائے کہ میرا بدعمل محفوظ کرلیا گیا ہے اور میرا رب مجھ سے اس بارے میں یقیناً پوچھے گا، لہٰذا اپنے رب سے ملاقات سے پہلے پہلے میں توبہ کرلوں تا کہ میرا رب مجھ سے راضی ہوجائے۔

قرآن کریم کی دسیوں آیات مبارکہ توبہ و استغفار کی اہمیت کو بیان کرتی ہیں، سینکڑوں احادیث مبارکہ میں انابت اور رجوع الی اللہ پر روشنی ڈالی گئی ہے، تا کہ بندہ گناہ کا ارتکاب کرنے کے بعد مایوس و پریشان نہ ہوجائے، چنانچہ قرآن کریم میں خطا کاروں کے لئے صاف اور واضح اعلان کردیا گیا ہے کہ:

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ (سورۃ الزمر، آیت ۵۳)

"اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو"

پھر سچے دل سے استغفار وتوبہ اور باری تعالیٰ کے سامنے معصیت کے اقرار سے صرف گناہ ہی معاف نہیں ہوتے بلکہ دونوں جہانوں میں اس کے بدلے خیر و برکات بھی نصیب ہوتی ہیں، ایک حدیث مبارکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ لَّزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا
وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

جو کوئی استغفار کو لازم پکڑے گا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر تنگی میں

آسانی، ہر غم سے دوری (کا سامان) پیدا فرمائیں گے اور اسے ایسی جگہ سے رزق نصیب فرمائیں گے، جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔

(سنن ابی داؤد، باب في الاستغفار، حدیث نمبر :1518، ص:180)

دوسری حدیث مبارکہ میں ارشاد فرمایا گیا:

طُوْبٰی لِمَنْ وَّجَدَ فِیْ صَحِیْفَتِهٖ اسْتِغْفَارًا کَثِیْرًا

(قیامت کے روز) جو شخص اپنے نامۂ اعمال میں استغفار کی کثرت پائے، اس کے لیے خوش خبری ہے۔

(سنن ابن ماجه، کتاب الأدب، حدیث نمبر :3818، ص 408)

استغفار کا عمل اللہ تعالیٰ کو بے حد محبوب ہے، ایک حدیث مبارکہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جس کا مفہوم اور خلاصہ ہے کہ:

جب بندہ اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہے تو اس کی توبہ سے رب کریم اس سے زیادہ راضی (وخوش) ہوتے ہیں، جتنا تم میں سے کوئی (اس وقت خوش ہوتا ہے جب وہ) اپنی سواری پر جنگل و بیاباں میں جا رہا ہو اور اچانک وہ سواری اس سے گم ہو جائے، اس حال میں کہ اس پر اس کا کھانا پینا (بھی) رکھا ہو۔ وہ اس (کی واپسی) سے مایوس ہو جائے اور ایک درخت کے سائے میں آ کر لیٹ جائے، ابھی وہ اسی حال میں ہو کہ اچانک دیکھے کہ وہ سواری اس کے پاس کھڑی ہے، بس وہ اس کی لگام تھام لے، پھر مسرت وشادمانی کے عالم میں یہ کہہ بیٹھے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَبْدِیْ وَاَنَا رَبُّكَ

"اے اللہ! آپ میرے بندے اور میں آپ کا رب۔"

یعنی خوشی کے باعث غلط جملہ کہہ دے۔

(صحیح المسلم، کتاب التوبة، حدیث نمبر :2747، ص:1098)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مبارک عمل سے بھی امت کو استغفار کی طرف متوجہ فرمایا، ایک

حدیث میں ارشاد فرمایا:

”اے لوگو! اللہ کے سامنے توبہ کرو، بے شک میں بھی دن میں سومرتبہ توبہ کرتا ہوں۔“

(صحیح المسلم، باب استحباب الاستغفار الخ، حدیث نمبر:2702، ص:1083)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم ایک مجلس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سومرتبہ یہ کلمات شمار کیا کرتے تھے:

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اے میرے رب مجھے معاف کردے اور میری توبہ قبول فرما

بے شک آپ توبہ قبول کرنے والے مہربان ہیں۔

(سنن ابی داؤد، باب فی الاستغفار، حدیث نمبر:1516، ص:180)

شیطان کا کام اللہ کے بندوں کے دلوں میں وسوسہ ڈال کر بندوں کو اللہ تعالیٰ سے مایوس کرنا ہے، ان ہی شیطانی وساوس کی وجہ سے بعض لوگ مایوسی میں مبتلا ہو کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ ”ہم توبہ کے باوجود گناہوں سے باز نہیں آرہے تو پھر ایسی توبہ اور ایسے استغفار کا کیا فائدہ؟“

حالانکہ حدیث مبارکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَا أَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَإِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً

”جو شخص استغفار کرتا رہے، اسے (گناہ پر) اصرار کرنے والا نہیں سمجھا جائے گا، اگرچہ دن میں ستر مرتبہ اس گناہ کا ارتکاب کیوں نہ کرے۔“

(سنن ابی داؤد، باب فی الاستغفار، حدیث نمبر:1514، ص:180)

مذکورہ حدیث مبارکہ کی تشریح میں حضرات علمائے کرام فرماتے ہیں کہ گناہ پر اصرار کرنے والا وہ ہے جو استغفار نہ کرے اور گناہ پر شرمندہ بھی نہ ہو۔لہٰذا جو کوئی معصیت و گناہ کا کام کرے اور اس کے بعد استغفار کرلے اور اظہار ندامت سے کام لے، وہ برائی پر اصرار کرنے سے نکل گیا۔

آج ہم گناہوں کے سمندر میں غرق ہیں، قدم قدم پر رب کریم کی نافرمانیاں کر رہے ہیں، ہماری صبح، ہماری شام، ہماری رات معصیتوں سے آلودہ ہیں، نفس وشیطان کے چنگل میں پھنس کر ہم اپنے رحیم ومہربان پروردگار کی بغاوت کے مرتکب ہورہے ہیں، دنیا کی محبت نے ہمیں آخرت سے غافل کر رکھا ہے، اس فانی، عارضی اور ختم ہوجانے والی زندگی کو ہم نے اپنا مطمح نظر بنایا ہوا ہے، خوف خدا، فکرِ آخرت اور بارگاہ الٰہی میں حاضری کا احساس معدوم ہوتا جارہا ہے، نتیجہ سامنے ہے، گناہوں کی کثرت نے ہم پر آفات و بلیات اور مصائب وآلام کے وہ پہاڑ توڑے کہ الامان الحفیظ!

اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے گناہوں پر ندامت کے ساتھ آنسو بہائے جائیں رب کریم کے سامنے عاجزی اختیار کرتے ہوئے اس کے حضور توبہ واستغفار کی جائے تاکہ دنیا وآخرت میں اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے محبوب بندوں میں شامل فرما کر اپنی رضا کا پروانہ نصیب فرمادیں، تو آئیں توبہ کریں اور اپنے رب کو منالیں، جسے منانا ماں کو منانے سے زیادہ آسان ہے۔

پہلی منزل بروز جمعہ

1 اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ قَوِيَ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس پر میرا جسم قادر ہوا

عَلَيْهِ بَدَنِيْ بِعَافِيَتِكَ وَ نَالَتْهُ قُدْرَتِيْ بِفَضْلِ

آپ کی دی ہوئی عافیت کی وجہ سے اور اس گناہ پر میری طاقت کی رسائی ہوئی آپ کی نعمت کی

نِعْمَتِكَ وَ انْبَسَطَتْ إِلَيْهِ يَدِيْ بِسِعَةِ رِزْقِكَ

فراوانی کی وجہ سے اور اس گناہ کی طرف میرا ہاتھ لپکا آپ کی دی ہوئی وسعت رزق کی وجہ سے

وَ احْتَجَبْتُ عَنِ النَّاسِ بِسِتْرِكَ وَ اتَّكَلْتُ فِيْهِ

اور میں لوگوں سے چھپا رہا آپ کی پردہ پوشی کی وجہ سے اور جب گناہ کرتے ہوئے خوف آیا بھی

عِنْدَ خَوْفِيْ مِنْكَ عَلٰى أَمَانِكَ وَ وَثِقْتُ مِنْ

تو آپ کی امان پر بھروسہ کیا اور میں نے اعتماد کیا اس میں آپ کی گرفت سے

سَطْوَتِكَ عَلَيَّ فِيْهِ بِحِلْمِكَ وَ عَوَّلْتُ فِيْهِ عَلٰى

بچنے کے لئے آپ کی بردباری پر اور میں نے بھروسہ کیا

كَرَمِ وَجْهِكَ وَ عَفْوِكَ

آپ کی ذات کے عفو و کرم پر

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٢ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ يَّدْعُوْ إِلٰى

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جو آپ کے

غَضَبِكَ أَوْ يُدْنِيْ مِنْ سَخَطِكَ أَوْ يَمِيْلُ بِيْ إِلٰى

غضب کی طرف بلائے، یا آپ کی ناراضگی سے قریب کردے یا مجھے اس چیز کی طرف مائل کردے

مَا نَهَيْتَنِيْ عَنْهُ أَوْ يُبَاعِدُنِيْ عَمَّا دَعَوْتَنِيْ إِلَيْهِ

جس سے آپ نے مجھے منع کیا ہے یا جس کی طرف آپ نے مجھے بلایا ہے اس سے دور کردے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

۳ اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ أَسْلَمْتُ إِلَيْهِ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس پر میں نے آپ کی مخلوق میں سے

أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ بِغَوَایَتِیْ أَوْ خَدَعْتُهٗ بِحِیْلَتِیْ

کسی کو اپنی گمراہی کی وجہ سے لگایا ہو یا میں نے اس کو اپنے مکر سے دھوکہ دے کر

فَعَلَّمْتُهٗ مِنْهُ مَا جَهِلَ وَ زَیَّنْتُ لَهٗ مَا قَدْ عَلِمَ

گناہ کا وہ راستہ سکھایا ہو جسے وہ نہیں جانتا تھا اور میں نے خوبصورت بنا کر پیش کیا ہو جسے وہ جانتا تھا

وَلَقِیْتُكَ غَدًا بِأَوْزَارِیْ وَ أَوْزَارٍ مَعَ أَوْزَارِیْ

اور اب میں آپ سے اپنے اور دوسروں کے گناہوں کے بوجھ سمیت کل (قیامت کے دن) ملوں گا

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

إِلَى الْغَيِّ وَ يُضِلُّ عَنِ الرُّشْدِ وَ يُقِلُّ الْوَفْرَ

جو گمراہی کی طرف بلائے اور سیدھے راستے سے ہٹا دے اور وافر مال کو کم کردے اور خاندانی

وَ يَمْحَقُ التَّالِدَةَ وَ يُخْمِلُ الذِّكْرَ وَ يُقِلُّ الْعَدَدَ

مال و دولت کو برباد کردے اور نیک نامی کو خاک میں ملادے اور نفری کو کم کردے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرماے بہترین معاف کرنے والے

٥ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ أَتْعَبْتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس میں میں نے اپنے اعضاء کو

فِيْهِ جَوَارِحِيْ فِيْ لَيْلِيْ وَ نَهَارِيْ وَ قَدِ اسْتَتَرْتُ

تھکا دیا اپنی رات میں اور اپنے دن میں اور میں نے اپنے آپ کو آپ کے بندوں سے

حَيَاءً مِّنْ عِبَادِكَ بِسِتْرِكَ وَ لَا سِتْرَ إِلَّا

شرماتے ہوئے چھپایا آپ ہی کی پردہ پوشی کی وجہ سے اور درحقیقت آپ کی پردہ پوشی کے پردے کے علاوہ

مَا سَتَرْتَنِي بِهٖ

کوئی میری پردہ پوشی نہیں کرسکتا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٦ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ قَصَدَنِيْ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

بِهٖ أَعْدَائِيْ لِهَتْكِيْ فَصَرَفْتَ كَيْدَهُمْ عَنِّيْ

جس سے میرے دشمنوں نے میری پردہ دری کا ارادہ کیا تو آپ نے ان کے مکروفریب کو مجھ سے پھیر دیا

وَلَمْ تُعِنْهُمْ عَلٰى فَضِيْحَتِيْ كَأَنِّيْ لَكَ مُطِيْعٌ

اور میری رسوائی پر آپ نے ان کی مدد نہیں فرمائی گویا کہ میں آپ کا فرمانبردار بندہ ہوں

وَنَصَرْتَنِيْ حَتّٰى كَأَنِّيْ لَكَ وَلِيٌّ وَإِلٰى مَتٰى يَا رَبِّ

تو آپ نے میری اس طرح مدد فرمائی گویا میں آپ کا ولی ہوں اور کب تک اے میرے رب میں آپ کی

أَعْصِيْ فَتُمْهِلُنِيْ وَطَالَمَا عَصَيْتُكَ فَلَمْ تُؤَاخِذْنِيْ

نافرمانی کرتا رہوں گا اور آپ مجھے ڈھیل دیتے رہیں گے؟ بہت عرصہ سے میں آپ کی نافرمانی کرتا رہا اور آپ نے

وَسَأَلْتُكَ عَلٰى سُوْءِ فِعْلِيْ فَأَعْطَيْتَنِيْ فَأَيُّ شُكْرٍ

میری گرفت نہیں فرمائی اور میں باوجود اپنے برے کاموں کے آپ سے سوال کرتا رہا اور آپ مجھے عطا کرتے رہے،

يَّقُوْمُ عِنْدَكَ بِنِعْمَةٍ مِّنْ نِعَمِكَ عَلَيَّ

اب کون سا ایسا شکر ہے جو آپ کی نعمتوں میں سے کسی ایک نعمت کے بدلہ میں بھی کیا جا سکتا ہو

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

۷ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ قَدَّمْتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس سے میں نے

إِلَيْكَ تَوْبَتِيْ مِنْهُ وَ وَاجَهْتُكَ بِقَسَمِيْ بِكَ

آپ کے سامنے اپنی توبہ پیش کی اور میں نے آپ کے سامنے آپ کی قسم اٹھائی

وَ أَشْهَدْتُّ عَلٰى نَفْسِيْ بِذٰلِكَ أَوْلِيَاءَكَ مِنْ

اور اپنے اوپر آپ کے بندوں میں سے آپ کے اولیاء کو گواہ بنایا،

عِبَادِكَ أَنِّيْ غَيْرُ عَائِدٍ إِلٰى مَعْصِيَتِكَ فَلَمَّا

کہ میں آپ کی نافرمانی کی طرف پھر نہیں لوٹوں گا پھر شیطان نے

قَصَدَنِيْ إِلَيْهِ بِكَيْدِهِ الشَّيْطَانُ وَ مَالَ بِيْ إِلَيْهِ

اپنے مکر سے اس میں مجھے پھنسانے کی کوشش کی اور رسوائی نے مجھے

الْخُذْلَانُ وَ دَعَتْنِيْ نَفْسِيْ إِلَى الْعِصْيَانِ

اس گناہ کی طرف مائل کردیا اور میرے نفس نے مجھے نافرمانی کی طرف دعوت دی

اِسْتَتَرْتُ حَيَاءً مِّنْ عِبَادِكَ جَرَاءَةً مِنِّيْ عَلَيْكَ

تو میں نے آپ کے بندوں سے شرماتے ہوئے وہ گناہ چھپ کر کیا آپ پر اپنی طرف سے جرأت کرتے ہوئے

وَ أَنَا أَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُكِنُّنِيْ مِنْكَ سِتْرٌ وَّ لَا بَابٌ

حالانکہ میں خوب جانتا ہوں کہ آپ سے مجھے کوئی پردہ اور کوئی دروازہ چھپا نہیں سکتا

وَّ لَا يَحْجُبُ نَظَرَكَ حِجَابٌ فَخَالَفْتُكَ فِي

اور آپ کی نظر کو کوئی حجاب روک نہیں سکتا اس جاننے کے باوجود میں نے جان کر بھی مخالفت کی

الْمَعْصِيَةِ إِلٰى مَا نَهَيْتَنِيْ عَنْهُ ثُمَّ مَا كَشَفْتَ

اس گناہ کے کرنے میں جس سے آپ نے مجھے منع کیا تھا، پھر بھی آپ نے پردہ فاش نہیں کیا،

السِّتْرَ وَ سَاوَيْتَنِيْ بِأَوْلِيَاءِكَ كَأَنِّيْ لَا أَزَالُ لَكَ

بلکہ آپ نے مجھے اپنے اولیاء کے ساتھ اس طرح برابر رکھا گویا کہ میں ہمیشہ سے آپ کا فرمانبردار بندہ ہوں

مُطِيْعًا وَّ إِلٰى أَمْرِكَ مُسْرِعًا وَّ مِنْ وَعِيْدِكَ فَازِعًا

اور آپ کے حکم بجا لانے میں جلدی کرنے والا ہوں اور آپ کی وعید سے ڈرنے والا ہوں،

فَلَبِسْتُ عَلٰى عِبَادِكَ وَ لَا يَعْلَمُ سَرِيْرَتِيْ غَيْرُكَ

حالانکہ میں آپ کے بندوں پر مشتبہ رہا اور آپ کے سوا میرے بھید کو کوئی نہیں جانتا تھا

فَلَمْ تَسِمْنِيْ بِغَيْرِ سِمَتِهِمْ بَلْ أَسْبَغْتَ عَلَيَّ

لیکن پھر بھی آپ نے مجھے کسی نشانی کے ذریعہ ان سے الگ نہیں کیا بلکہ آپ نے مجھ پر ان نیک لوگوں

مِثْلَ نِعْمَتِهِمْ ثُمَّ فَضَّلْتَنِيْ بِذٰلِكَ عَلَيْهِمْ كَأَنِّيْ

کی نعمتوں کی طرح کامل نعمت عطا فرما دی پھر مجھے ان پر ان نعمتوں کی وجہ سے برتری عطا فرمائی، گویا کہ میں بھی

عِنْدَكَ فِيْ دَرَجَتِهِمْ وَ مَا ذَاكَ إِلَّا لِحِلْمِكَ

آپ کے نزدیک ان کے رتبہ میں ہوں اور یہ سب کچھ جو مجھ پر آپ کا بے انتہاء کرم ہوا وہ آپ کے حلم (بردباری)

وَ فَضْلِ نِعْمَتِكَ فَضْلًا مِّنْكَ عَلَيَّ فَلَكَ الْحَمْدُ

آپ کی مزید نعمت اور آپ کی طرف سے سراسر احسان کے سوا کچھ نہیں تھا پس آپ ہی کے لئے تمام تعریفیں ہیں

يَا مَوْلَايَ فَأَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ كَمَا سَتَرْتَهٗ عَلَيَّ

اے میرے مولیٰ اب آپ ہی سے میں سوال کرتا ہوں کہ اے اللہ جیسے آپ نے میرے گناہوں پر

فِي الدُّنْيَا أَنْ لَّا تَفْضَحَنِيْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

دنیا میں پردہ ڈالا اسی طرح مجھے آخرت میں رسوا نہ کیجئے گا

يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

فِيْهِ لَيْلَتِيْ فِيْ لَذَّتِيْ فِي التَّأَنِّيْ لِإِتْيَانِهٖ

جس کی لذت میں اور جس کے کرنے کے انتظار میں اور اس کے وجود

وَ التَّخَلُّصِ إِلٰى وُجُوْدِهٖ وَ تَحْصِيْلِهٖ حَتّٰى إِذَا

اور اس کے حاصل کرنے تک کی رسائی میں میں نے اپنی رات بےخوابی میں گزاری یہاں تک کہ

أَصْبَحْتُ حَضَرْتُ إِلَيْكَ بِحِلْيَةِ الصَّالِحِيْنَ

جب میں نے صبح کی تو میں آپ کے سامنے نیکو کاروں کا لبادہ اوڑھ کر حاضر ہوا

وَ أَنَا مُضْمِرٌ خِلَافَ رِضَاكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

حالانکہ میں نافرمانی کی گندگی چھپائے ہوئے تھا آپ کی مرضی کے خلاف اے رب العالمین

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٩ اَللّٰهُمَّ إِنِّيٓ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ ظَلَمْتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کی وجہ سے میں نے

بِسَبَبِهٖ وَلِيًّا مِّنْ أَوْلِيَائِكَ وَ نَصَرْتُ بِهٖ عَدُوًّا

آپ کے اولیاء میں سے کسی ولی پر ظلم کیا یا اس کی وجہ سے میں نے

مِّنْ أَعْدَائِكَ أَوْ تَكَلَّمْتُ فِيْهِ لِغَيْرِ مَحَبَّتِكَ

آپ کے دشمنوں میں سے کسی دشمن کی مدد کی، یا میں نے اس میں آپ کی پسند کے خلاف

أَوْ نَهَضْتُ فِيْهِ إِلٰى غَيْرِ طَاعَتِكَ أَوْ ذَهَبْتُ

بات کی، یا میں اس میں آپ کی مخالفت میں کھڑا ہوا،

فِيْهِ إِلٰى غَيْرِ أَمْرِكَ

یا میں اس میں آپ کے حکم کے خلاف چلا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

١٠ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ يُّوْرِثُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

الضَّغْنَاءَ وَيُحِلُّ الْبَلَاءَ وَيُشْمِتُ الْأَعْدَاءَ

جو کینہ کو جنم دے اور مصائب کے اترنے کا سبب ہو اور ایسا گناہ جو دشمنوں کو ہنسنے کا موقع دے

وَيَكْشِفُ الْغِطَاءَ وَيَحْبِسُ الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ

یا میرے اس گناہ کی وجہ سے دوسروں کی پردہ دری ہوتی ہو یا میرے گناہ کی وجہ سے بارش برسنے سے روک لی گئی ہو

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

دوسری منزل بروز ہفتہ

(۱) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ أَلْهَانِيْ عَمَّا

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس نے مجھے اس سے غافل کردیا جس کی طرف

هَدَيْتَنِيْ إِلَيْهِ وَ أَمَرْتَنِيْ بِهٖ أَوْ نَهَيْتَنِيْ عَنْهُ أَوْ

آپ نے میری رہنمائی کی تھی اور اس کے کرنے کا آپ نے مجھے حکم دیا تھا، یا منع کیا تھا،

دَلَلْتَنِيْ عَلَيْهِ مِمَّا فِيْهِ الْحَظُّ لِيْ وَالْبُلُوْغُ إِلٰى

یا آپ نے مجھے اس کی نشاندہی کی تھی جس میں میری ہی سعادت اور آپ کی رضامندی تک رسائی تھی

رِضَاكَ وَاتِّبَاعُ مَحَبَّتِكَ وَإِيْثَارُ الْقُرْبِ مِنْكَ

اور جس سے آپ کی رضا اور محبت حاصل ہوسکتی تھی اور آپ کا قرب حاصل ہوسکتا تھا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

② اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ نَسِيْتُهٗ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جسے میں کر کے بھول گیا اور آپ نے اسے محفوظ رکھا،

فَأَحْصَيْتَهٗ وَتَهَاوَنْتُ بِهٖ فَأَثْبَتَّهٗ وَجَاهَرْتُكَ بِهٖ

اور میں نے اسے معمولی سمجھ کر نظر انداز کردیا اورآپ نے اسے برقرار رکھا ،میں نے آپ کے سامنے کھلم کھلا کیا

فَسَتَرْتَهٗ عَلَيَّ وَلَوْ تُبْتُ إِلَيْكَ مِنْهُ لَغَفَرْتَهٗ

اورآپ نے اسے چھپایا اور اگر میں اس گناہ سے آپ کے سامنے توبہ کرتا تو یقینا آپ اسے بخش دیتے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقاحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمااے بہترین معاف کرنے والے

③ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ تَوَقَّعْتُ مِنْكَ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے پورے کرنے سے پہلے ہی مجھے آپ کی طرف سے

قَبْلَ انْقِضَائِهٖ تَعْجِيْلَ الْعُقُوْبَةِ فَأَمْهَلْتَنِيْ

فوری گرفت کی توقع تھی لیکن پھر بھی آپ نے مجھے مہلت دے کر بچائے رکھا

وَأَسْبَلْتَ عَلَيَّ سِتْرًا فَلَمْ آلُ فِيْ هَتْكِهٖ عَنِّيْ جُهْدًا

اور آپ نے میری پردہ پوشی فرمائی پھر بھی میں نے اسے چاک کرنے میں اپنی طرف سے کوئی کمی نہیں کی

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس سے آپ نے مجھے منع کیا تھا

عَنْهُ فَخَالَفْتُكَ إِلَيْهِ وَحَذَّرْتَنِيْ إِيَّاهُ فَأَقَمْتُ

لیکن میں نے آپ کی مخالفت کی، آپ نے مجھے اس سے ڈرایا تھا لیکن پھر بھی میں اس پر جما رہا

عَلَيْهِ وَقَبَّحْتَهٗ عَلَيَّ فَزَيَّنَتْهُ لِيْ نَفْسِيْ

اور آپ نے اس کی برائی مجھ پر واضح فرمادی تھی پھر بھی میرے نفس نے اسے میرے لئے سجادیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

۵ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں

يَّصْرِفُ عَنِّيْ رَحْمَتَكَ أَوْ يُحِلُّ بِيْ نِقْمَتَكَ

جو مجھ سے آپ کی رحمت کو پھیر دے، یا مجھ پر آپ کی ناراضگی نازل کردے

أَوْ يَحْرِمُنِيْ كَرَامَتَكَ أَوْ يُزِيْلُ عَنِّيْ نِعْمَتَكَ

یا مجھے آپ کے اعزاز سے محروم کردے، یا آپ کی نعمتوں کو مجھ سے زائل کردے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

۶ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ عَيَّرْتُ بِهٖ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس پر میں نے آپ کی مخلوق میں سے

أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ أَوْ قَبَّحْتُ مِنْ فِعْلِ أَحَدٍ

کسی کو عار دلایا ہو، یا آپ کی مخلوق میں سے کسی کے گناہ کے خلاف ناراضگی کا اظہار کیا ہو لیکن پھر

مِّنْ بَرِيَّتِكَ ثُمَّ تَقَحَّمْتُ عَلَيْهِ وَ انْتَهَكْتُهُ

میں خود اس گناہ کے کرنے میں لگ گیا اور آپ کے سامنے اپنی طرف سے جرات کرتے ہوئے

جَرَاءَةً مِّنِّي عَلَيْكَ

اپنے چال چلن کو خراب کر لیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِي يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمادے بہترین معاف کرنے والے

۷ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ تَوَرَّكَ عَلَيَّ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جو مجھ پر غالب آگیا اور جس کا

وَ وَجَبَ فِيْ شَيْءٍ فَعَلْتُهُ بِسَبَبِ عَهْدٍ عَهِدْتُّكَ

میں حق دار ہوگیا ہوں کسی ایسے کام کو کرنے سے جسے میں نے کسی وعدے کی وجہ سے کیا جو میں آپ سے کر چکا تھا

عَلَيۡهِ أَوۡ عَقۡدٍ عَقَدۡتُّهٗ لَكَ أَوۡ ذِمَّةٍ اٰلَيۡتُ بِهَا

یا کسی معاہدے کی وجہ سے جو میں نے آپ سے کیا تھا یا کسی ذمہ داری کی وجہ سے میں نے آپ کی

مِنۡ أَجۡلِكَ لِأَحَدٍ مِّنۡ خَلۡقِكَ ثُمَّ نَقَضۡتُ ذٰلِكَ

مخلوق میں سے کسی کے لئے آپ کی قسم اٹھائی تھی پھر میں نے اس قسم کو توڑ دیا

مِنۡ غَيۡرِ ضَرُوۡرَةٍ لَّزِمَتۡنِيۡ فِيۡهِ بَلِ اسۡتَنۡزَلَنِيۡ عَنِ

بغیر کسی شدید مجبوری کے جو مجھے پیش آئی ہو بلکہ مجھے اس قسم کو پورا کرنے سے

الۡوَفَاءِ بِهِ الۡبَطَرُ وَأَسۡخَطَنِيۡ عَنۡ رِّعَايَتِهِ الۡأَشَرُ

غرور و تکبر نے روک دیااور مجھے اس عہد کی رعایت کرنے سے شیطان نے قہر آلود اور غضب ناک کردیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِكۡ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقاحضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغۡفِرۡهُ لِيۡ يَا خَيۡرَ الۡغَافِرِيۡنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمادے بہترین معاف کرنے والے

٨ اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ أَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ تُبۡتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس سے میں نےآپ کے سامنے

إِلَيْكَ مِنْهُ وَأَقْدَمْتُ عَلٰى فِعْلِهٖ فَاسْتَحْيَيْتُ

توبہ کی اور پھر اس کو کرنے کی جرات کی تو مجھے آپ سے شرم آئی

مِنْكَ وَ أَنَا عَلَيْهِ وَ رَهِبْتُكَ وَ أَنَا فِيْهِ ثُمَّ

اور میں اس میں مبتلا ہوچکا تھا اور میں آپ سے ڈر بھی رہا تھا پھر میں نے اس گناہ سے

اسْتَقَلْتُكَ مِنْهُ وَعُدْتُّ إِلَيْهِ

آپ سے معافی مانگ لی لیکن پھر دوبارہ اس گناہ کی طرف لوٹ گیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمادے بہترین معاف کرنے والے

٩ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ لَّحِقَنِيْ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس نے مجھے پالیا ہو آپ کی

بِسَبَبِ نِعْمَةٍ أَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ فَتَقَوَّيْتُ بِهَا

کسی ایسی نعمت کی وجہ سے، پھر اس نعمت کی وجہ سے جو مجھے قوت ملی اسے آپ ہی کی نافرمانی میں خرچ کیا

عَلٰى مَعَاصِيْكَ وَخَالَفْتُ فِيْهَا أَمْرَكَ وَأَقْدَمْتُ

اور اس میں میں نے آپ کے حکم کی خلاف ورزی کی اور آپ کی طرف سے وعید کے باوجود

بِهَا عَلٰى وَعِيْدِكَ

میں نے دلیری سے اس گناہ کو کیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

۱۰ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ قَدَّمْتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر ایسے گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے کرنے میں میں نے

فِيْهِ شَهْوَتِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ وَاٰثَرْتُ فِيْهِ مَحَبَّتِيْ

آپ کی فرمانبرداری پر اپنی خواہش کو مقدم رکھا اور اپنی چاہت کو آپ کے حکم پر

عَلٰى أَمْرِكَ فَأَرْضَيْتُ نَفْسِيْ بِغَضَبِكَ

ترجیح دے کر آپ کو ناراض کر کے اپنے نفس کو خوش کیا اور اپنے نفس کو آپ کے غضب کا

وَ عَرَّضْتُهَا لِسَخَطِكَ إِذْ نَهَيْتَنِيْ وَ قَدَّمْتَ إِلَيَّ

حق دار بنایا ان گناہوں کو کرکے جن سے آپ نے منع فرمایا تھا اور ان کاموں کے بارے میں پہلے ہی سے مجھے

فِيْهِ إِنْذَارَكَ وَ تَحَجَّجْتَ عَلَيَّ فِيْهِ بِوَعِيْدِكَ

آپ نے ڈرادیا تھا اور مجھے اپنی وعید کے ذریعہ ان سے روکا تھا اے اللہ میں آپ سے

وَ أَسْتَغْفِرُكَ اللّٰهُمَّ وَ أَتُوْبُ إِلَيْهِ

اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور آپ کے حضور توبہ کرتا ہوں

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمااے بہترین معاف کرنے والے

تیسری منزل بروز اتوار

۱ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ عَلِمْتُهُ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جسے میں نے

مِنْ نَّفْسِيْ فَأَنْسَيْتُهُ أَوْ ذَكَرْتُهُ أَوْ تَعَمَّدْتُّهُ

اپنے نفس سے جانا پھر اس گناہ کو بھول گیا یا یاد رکھا، یا اس گناہ کو جان بوجھ کر کیا

أَوْ أَخْطَأْتُ فِيْهِ وَ هُوَ مِمَّا لَا أَشُكُّ أَنَّكَ

یا غلطی سے کیا حالانکہ وہ گناہ ایسا ہے جس کے بارے میں مجھے کوئی شک نہیں ہے

مُسْئِلِيْ عَنْهُ وَ أَنَّ نَفْسِيْ بِهٖ مُرْتَهَنَةٌ لَدَيْكَ

کہ آپ اس کے بارے میں مجھ سے پوچھیں گے اور میری ذات اس گناہ کے بدلے آپ کے پاس گروی رکھی ہوئی ہے

وَإِنْ كُنْتُ قَدْ نَسِيْتُهُ وَغَفَلَتْ عَنْهُ نَفْسِيْ

اگرچہ میں اس گناہ کو بھول گیا ہوں اور اس سے میرا دل غافل ہوگیا ہے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٢ اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ وَّاجَهْتُكَ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جسے میں نے آپ کے سامنے کیا

فِیْهِ وَ قَدْ أَیْقَنْتُ أَنَّكَ تَرَانِیْ عَلَیْهِ

حالانکہ مجھے یقین تھا کہ بےشک آپ مجھے دیکھ رہے ہیں

فَنَوَیْتُ أَنْ أَتُوْبَ إِلَیْكَ مِنْهُ وَ أُنْسِیْتُ أَنْ

تو میں نے نیت کرلی تھی کہ میں اس گناہ سے توبہ کرلوں گا لیکن مجھے آپ سے

أَسْتَغْفِرَكَ مِنْهُ أَنْسَانِیْهِ الشَّیْطَانُ

اس گناہ کی معافی مانگنا بھلا دیا گیا اور شیطان ہی نے مجھے بھلا دیا

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٣ اَللّٰهُمَّ إِنِّىٓ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ دَخَلْتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کا میں نے ارتکاب کیا

فِيْهِ بِحُسْنِ ظَنِّىْ فِيْكَ أَنَّكَ لَا تُعَذِّبُنِىْ عَلَيْهِ

آپ کے بارے میں اس اچھے گمان کی بناء پر کہ آپ مجھے اس گناہ پر عذاب نہیں دیں گے

وَ رَجَوْتُكَ لِمَغْفِرَتِهٖ فَأَقْدَمْتُ عَلَيْهِ وَ قَدْ

اور مجھے آپ سے اس کی امید تھی کہ آپ مجھے معاف فرمادیں گے تو میں نے وہ گناہ کرلیا

عَوَّلْتُ نَفْسِىْ عَلٰى مَعْرِفَتِىْ بِكَرَمِكَ أَنْ

اور اپنے آپ کو اعتماد دلایا اس بناء پر کہ میں آپ کی کرم نوازی کو جانتا ہوں کہ آپ مجھے اس گناہ پر

لَا تَفْضَحَنِىْ بِهٖ بَعْدَ اِذْ سَتَرْتَهٗ عَلَىَّ

شرمندہ نہیں کریں گے اس لئے کہ آپ نے میری پردہ پوشی فرمائی تھی

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِىْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

۴ اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں

اِسْتَوْجَبْتُ بِهٖ مِنْكَ رَدَّ الدُّعَاءِ وَ حِرْمَانَ

جس کی وجہ سے میں اس بات کا مستحق ہوگیا کہ دعا رد ہوجائے اور قبولیت سے محرومی ہوجائے اور آپ

الْإِجَابَةِ وَ خَيْبَةَ الطَّمَعِ وَ انْقِطَاعَ الرَّجَاءِ

سے وابستہ آرزوئیں پوری نہ ہوں اور آپ کی رحمت سے باندھی ہوئی امیدیں ٹوٹ جائیں

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمادے بہترین معاف کرنے والے

۵ اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ يُّوْرِثُ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کی نحوست

الْأَسْقَامَ وَ الضِّنٰى وَ يُوْجِبُ النِّقَمَ وَالْبَلَاءَ

بیماریوں میں مبتلا کرکے کمزور و لاغر کردینے کا سبب ہو اور سزا کو ضروری کردے

وَ يَكُوْنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَسْرَةً وَّ نَدَامَةً

اور بلاؤں کو اتروادے اور قیامت کے دن حسرت اور ندامت کا باعث ہو

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٦ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ يَّعْقِبُ الْحَسْرَةَ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جو انجام کے اعتبار سے حسرت اور

وَ يُوْرِثُ النَّدَامَةَ وَ يَحْبِسُ الرِّزْقَ وَ يَرُدُّ الدُّعَاءَ

ندامت کا سبب بنے اور رزق کو روک دے اور دعا کو لوٹا دے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٧ اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ مَدَحْتُهٗ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس گناہ کی میں نے

بِلِسَانِیْ أَوْ أَضْمَرْتُهٗ بِجَنَانِیْ أَوْ هَشَّتْ إِلَيْهِ نَفْسِیْ

اپنی زبان سے تعریف کی، یا میں نے اسے اپنے دل میں چھپایا یا میں اس پر خوش ہوا

أَوْ أَثْبَتُّهٗ بِلِسَانِیْ أَوْ أَتَيْتُهٗ بِفِعَالِیْ أَوْ كَتَبْتُهٗ

یا بزور زبان اس کو صحیح قرار دیا یا اپنے افعال سے کیا یا میں نے اپنے ہاتھ سے

بِيَدِیْ أَوِ ارْتَكَبْتُهٗ أَوْ أَرْكَبْتُ فِيْهِ عِبَادَكَ

اسے لکھا یا اس گناہ کا میں نے ارتکاب کیا یا آپ کے بندوں کو اس گناہ میں لگا دیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِیْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٨ اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ خَلَوْتُ بِهٖ فِیْ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جسے میں نے دن یا رات میں

لَيْلِيْ وَنَهَارِيْ وَأَرْخَيْتَ فِيْهِ عَلَيَّ السِّتَارَ حَيْثُ

خلوت میں کیا اور آپ نے مجھ پر پردہ لٹکائے رکھا

لَا يَرَانِي فِيْهِ إِلَّا أَنْتَ يَا جَبَّارُ فَارْتَابَتْ نَفْسِيْ

تاکہ مجھے سوائے آپ کے کوئی نہ دیکھے اے جبار! تو میرا نفس شک میں پڑ گیا

فِيْهِ وَتَحَيَّرَتْ بَيْنَ تَرْكِيْ لَهٗ لِخَوْفِكَ وَانْتِهَاكِيْ

اور میں حیرت میں مبتلا ہوگیا کہ آپ کے خوف کی وجہ سے اس گناہ کو چھوڑ دوں

لَهٗ لِحُسْنِ الظَّنِّ فِيْكَ فَسَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ

یا آپ سے حسن ظن کی بناء پر اس گناہ میں لگا رہوں تو میرے نفس نے اس گناہ میں مبتلا ہونا

الْإِقْدَامَ عَلَيْهِ وَأَنَا عَارِفٌ بِمَعْصِيَتِيْ فِيْهِ لَكَ

میرے لئے مزین کردیا حالانکہ میں جانتا تھا کہ اس کام کے کرنے میں آپ کی نافرمانی ہے

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٩ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اِسْتَقْلَلْتُهٗ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جسے میں نے معمولی سمجھا

فَاسْتَعْظَمْتَهٗ وَ اسْتَصْغَرْتُهٗ فَاسْتَكْبَرْتَهٗ

اور وہ آپ کے نزدیک عظیم تھا اور میں نے اسے چھوٹا گناہ سمجھا اور وہ آپ کے نزدیک بڑا گناہ تھا

وَوَرَّطَنِيْ فِيْهِ جَهْلِيْ بِهٖ

اور مجھے نادانی نے ہلاکت میں ڈال دیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

١٠ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ أَضْلَلْتُ بِهٖ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کی وجہ سے میں نے

أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ أَوْ أَسَأْتُ بِهٖ إِلٰى أَحَدٍ مِّنْ

آپ کی مخلوق میں سے کسی کو گمراہ کیا یا آپ کی مخلوق میں سے کسی کے ساتھ

بَرِيَّتِكَ أَوْ زَيَّنَتْهُ لِيْ نَفْسِيْ أَوْ أَشَرْتُ بِهٖ

برا سلوک کیا یا میرے نفس نے میرے لئے اس گناہ کو خوبصورت بنا کر پیش کیا یا میں نے اپنے علاوہ

إِلٰى غَيْرِيْ أَوْ دَلَّلْتُ عَلَيْهِ سِوَايَ أَوْ أَصْرَرْتُ

کسی اور کو اس کا مشورہ دیا یا اس کی طرف کسی کی رہنمائی کی یا جان بوجھ کر

عَلَيْهِ بِعَمْدِيْ أَوْ أَقَمْتُ عَلَيْهِ بِجَهْلِيْ

اس گناہ پر اصرار کیا یا اپنی جہالت کی وجہ سے وہ گناہ کرتا رہا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمادے بہترین معاف کرنے والے

چوتھی منزل بروز پیر

1 اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ خُنْتُ بِهٖ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کے ذریعے میں نے اپنی امانت میں

أَمَانَتِيْ أَوْ أَحْسَنَتْ لِيْ نَفْسِيْ فِعْلَهٗ أَوْ أَخْطَأْتُ

خیانت کی یا میرے لئے میرے نفس نے اس گناہ کو کرنا خوبصورت بنادیا ،یا میں نے اپنے بدن کو

بِهٖ عَلٰى بَدَنِيْ أَوْ قَدَّمْتُ فِيْهِ عَلَيْكَ شَهْوَتِيْ

اس گناہ کے کرنے کی غلطی میں ڈالا ،یا میں نے اس میں اپنی شہوت کو مقدم کیا،

أَوْ كَثَّرْتُ فِيْهِ لَذَّتِيْ أَوْ سَعَيْتُ فِيْهِ لِغَيْرِيْ

یا میں نے اس گناہ کے کرنے میں زیادہ لذت پائی، یا میں نے اس گناہ کے کرنے میں کسی اور کی وجہ سے کوشش کی،

أَوِ اسْتَغْوَيْتُ إِلَيْهِ مَنْ تَابَعَنِيْ أَوْ كَابَرْتُ فِيْهِ

یا میں نے اپنی اتباع کرنے والوں کو اس گناہ کے بارے میں گمراہ کیا، یا میں نے اس گناہ سے

مَنْ مَانَعَنِيْ أَوْ قَهَرْتُ عَلَيْهِ مَنْ غَلَبَنِيْ أَوْ

روکنے والے سے دشمنی کی، یا اس گناہ سے روکنے والے کے غلبہ پانے پر میں اس پر غالب آ گیا، یا اپنے کسی حیلے سے

غَلَبْتُ عَلَيْهِ بِحِيْلَتِيْ أَوِ اسْتَزَلَّنِيْ إِلَيْهِ مَيْلِيْ

میں اس پر غالب آگیا، یا مجھے میری خواہش نے اس گناہ میں مبتلا کردیا

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقاحضرت محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر اور میری مغفرت فرمائے بہترین معاف کرنے والے

٢ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اِسْتَعَنْتُ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس پر میں نے اپنے کسی ایسے حیلے سے

عَلَيْهِ بِحِيْلَةٍ تُدْنِيْ مِنْ غَضَبِكَ أَوِ اسْتَظْهَرْتُ

مدد حاصل کی جس نے مجھے آپ کے غضب کے قریب کردیا، یا میں نے اسے حاصل کرنے کے لئے

بِنَيْلِهٖ عَلٰى أَهْلِ طَاعَتِكَ أَوِ اسْتَمَلْتُ بِهٖ أَحَدًا

آپ کے فرمانبرداروں پر غلبہ حاصل کیا، یا میں نے اس کے ذریعے آپ کی مخلوق کو

مِّنْ خَلْقِكَ إِلٰى مَعْصِيَتِكَ أَوْ رُمْتُهٗ وَرَاءَيْتُ

آپ کی نافرمانی کی طرف مائل کیا، یا اس کا ارادہ کیا اور آپ کے

بِهٖ عِبَادَكَ أَوْ لَبِسْتُ عَلَيْهِمْ بِفِعَالِيْ كَأَنِّيْ

بندوں کو دکھلایا اور اپنے افعال سے ان کو دھوکہ میں ڈالا کہ میں اپنے اس حیلے کے ذریعے

بِحِيْلَتِيْ أُرِيْدُكَ وَالْمُرَادُ بِهٖ مَعْصِيَتُكَ وَالْهَوٰى

آپ (اللہ) کی رضا چاہ رہا ہوں حالانکہ میرا مقصود اس سے آپ کی نافرمانی کرنا تھا اور میری خواہش تو

مُنْصَرِفٌ عَنْ طَاعَتِكَ

آپ کی اطاعت سے پھری ہوئی تھی

فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو اے میرے رب درود و سلام اور برکت بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهُ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میری مغفرت فرمادے بہترین معاف کرنے والے

٣ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ كَتَبْتَهٗ عَلَيَّ

اے اللہ میں آپ سے ہر اس گناہ سے معافی مانگتا ہوں جس کو آپ نے مجھ پر لکھا ہے

بِسَبَبِ عُجْبٍ كَانَ مِنِّيْ بِنَفْسِيْ أَوْ رِيَاءٍ

بسبب اس خودپسندی کے جو مجھے اپنے اوپر تھی، یا ریاکاری کی وجہ سے، یا دکھلاوے کی وجہ سے،

أَوْ سُمْعَةٍ أَوْ حِقْدٍ أَوْ شَحْنَاءٍ أَوْ خِيَانَةٍ أَوْ خُيَلَاءَ

یا کسی مسلمان سے کینہ و بغض رکھنے کی وجہ سے، یا کسی خیانت کی وجہ سے، یا تکبر کرنے کی وجہ سے

